14/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

ہولی

رنگوں کا تہوار ہولی آج جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں ملک بھر میں آج ، رنگوں ، موسیقی اور تہوار منانے کی خوشی کے ساتھ تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔ یہ تہوار موسم بہار کی آمد اور برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے۔

کولگام سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ویسو پنڈت کالونی قاضی گنڈ میں کشمیر ی مہاجر پنڈتوںنے کل شام ہولیکا دہَن یعنی چھوٹی ہولی منائی ۔

□در جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب □در جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری، کابینی وزرائ، کئی سیاسی پارٹیوں کے لیڈران ، IGP کشمیر وی کے بردی اور فوج کی چنار کور نے ہولی کے موقع پر لوگوں کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کی ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے ممتاز اسکالروں اور اساتذہ سے تعلیمی نظام کو ایک جامع فریم ورک میں تبدیل کرنے کی تلقین کی ہے تاکہ طلباءمیں فکری نمو اور اخلاقی سالمیت کی پرورش ہوسکے۔

نئی دلی میں روحانیت اور اقدار پر مبنی تعلیم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ اگر نوجوانوں کو اپنی پسند کے مطابق مضامین کا انتخاب کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے تو ، وہ نئی بلندیوں کو حا□ل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

سرینگر

دیہی ترقی محکمے اور پنچایت راج کے سکریٹری محمد اعجاز اسد نے جموں اور کشمیر میں سوچھ بھارت مشن گرامین کے تحت فنڈز کے استعمال اور کاموں کی پیشرفت کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔

سکریٹری نے ضلعی سطح پر مناسب دستاویزات ، شفافیت اور روزانہ کی نگرانی کی اہمیت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ □فائی کے منصوبوں پر بروقت عملدرآمد ضروری ہے ۔ انہوںنے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ زیر التواءکاموں کی رفتار میں سرعت لائیں اور رقومات کے مناسب استعمال کو یقینی بنائیں۔

مفت بجلی

دنیا کی سب سے بڑی گھریلو روف ٹاپ سولر پہل مفت بجلی یوجنا نے 10مارچ 2025 تک شمسی توانائی سے چلنے والے 10 لاکھ گھروں کے ساتھ ایک تاریخی سنگ میل حا□ل کیا ہے۔

شمسی توانائی کے وسیع استعمال کو فروغ دینے سے، اس اسکیم سے حکومت کو بجلی کے اخراجات میں سالانہ تخمینہ 75 ہزار کروڑ روپے کی بچت ہونے کی توقع ہےیہ جانکاری متعلقہ وزارت کی طرف سے ایک سرکاری ریلیز میں دی گئی ہے ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ نے کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے انجینئرز کے ساتھ ایک میٹنگ میں پردھان منتری سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت سولر روف ٹاپس کی تن□یب پر اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے مقرر اہداف کے ح□ول کے لئے پاور ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور جموں کشمیر بینک کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ سکیم کے بارے میں جانکاری عام کرنے اور □ارفین کے لئے آسان قرضوں تک رسائی کو آسان بنانے کے لئے مل کر کام کریں۔

نوہٹہ

نئے فوجداری قوانین پر پولیس نے شہر خاص کے نوہٹہ علاقے میں لوک دربار اور عوامی جانکاری پروگرام منعقد کیا جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی ۔ اس موقعہ پر SSP سرینگر نے کہا کہ نئے فوجداری قوانین کا مق□د فوری ان□اف کی فراہمی کو یقینی بنانااور فوجداری نظامِ ان□اف کو زیادہ شفاف اور ذمہ دار بنانا ہے ۔

کالج سرینگر میں بھی ایک پروگرام S.P اُدھرعوام کو نئے فوجداری قوانین کے بارے میں جانکاری دینے کی غرض سے منعقد کیا گیا ۔

پولیس

خان□احب بڈگام میں نشہ مکت بھارت ابھیان پر ایک مباحثے کا Waterhail اُدھر پولیس نے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول انعقاد کیا ۔

پروگرا م کے دوران نوجوانوں پر منشیات کے خطرناک اثرات کو اجا گر کیا گیا ۔ مقررین نے نشے سے پاک ایک سماج کی تعمیر یقینی بنانے کے لئے عوامی تعاون کی اہمیت پر زور دیا ۔

حج

جموں کشمیر حج کمیٹی سرینگر کی طرف سے حج 2025 کے سلسلے میں گاندربل ضلع کے منتخبہ عازمین کے لئے کل یعنی سنیچر وار کو مرکزی حنفیہ جامع مسجد شریف بیہامہ گاندربل میں □بح ساڑھے دس بجے مناسک حج سے متعلق تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ سبھی منتخبہ عازمین کو پروگرام میں شرکت کرنے کی درخواست کی گئی ہے ۔

WAVES

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ WAVES-2025 کے ح□ے کے طور پر تخلیق کاروں کی معیشت کیلئے ایک اَرب ڈالر کے فنڈ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ممبئی میں یکم مئی سے 4 مئی تک منعقد ہونے والا پروگرام تخلیق کار کمیونٹی کو اعلیٰ ا قدار کے حامل مواد تیار کرنے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ وہ کل نئی دلّی میں منعقدہ WAVES-2025 کے اعلیٰ سطح کے ایک اجلاس میں اظہار خیال کررہے تھے۔

اجلاس سے وزیر خاجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر ،اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن اور مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ Devinder Fernavees نے بھی خطاب کیا ۔

PB-SHABD

PB-SHABD پرسار بھارتی کی طرف سے نشریات کےلئے آڈیو ویڈیو جانکاری متعلقین تک پہنچانے کےلئے مارچ 2024 میں شروع کیا گیا ۔ اس ایک سال کے دوران خبروں کے اس پلیٹ فارم میں نمایاں پیش رفت حا�ل کی گئی ہے۔

SHABD پر سار بھارتی نے مارچ 2026 تک تک مفت رسائی کا اعلان کیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ